© rasailojaraid.com



# ایک خاص اعلان

محترمی سلام مسنون - مزاج گرامی!

بعنوان شاندار نمبر مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ ان لوگوں اور ان مخلصین و دیرینہ احباب کو اس طرف متوجہ کیا جاتا ہے کہ حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کی وفات کے بعد سے برابر شاندار نمبر نکالنے کے سلسلے میں یہ اعلان اپنے اس رسالہ برہان میں برابر آرہا ہے مگر مجھے افسوس ہے کہ اب تک میں اس کے مواد کے ذخیرہ کو اکٹھا کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ آپ پہلی فرصت میں مضامین بھیجیں بہت سے مضامین اور اس کے اجزا کافی تعداد میں جمع ہوچکے ہیں اور نئے سال کے آغاز میں اس کو منظرعام پر لانے کا اللہ کے فضل وکرم سے پورا قصد کرلیا ہے۔ آپ لوگ زیادہ سے زیادہ اس کے اخراجات کے لئے چندہ اس انداز میں بھیجیں کہ آپ کی خریداری اور ممبری میں پیشگی رقم جمع کی جاسکے اور ایک طرح سے اس کی علمی خدمت اور مدد بھی ہوجائے گی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات گرامی سے میں امید رکھتا ہوں کہ آپ جلد از جلد تعاون فرمائیں گے۔

نوٹ: جن فرموں میں متفرق مساجد اور ٹرسٹوں کے جو بھی امدادی فنڈ قائم کیے گئے ہوں اس سے اس ادارہ ندوۃ المصنفین کی مدد فرمائیں۔ یہ آپ کے ثواب دارین میں داخل ہونے کا ایک اہم مقصد ثابت ہوگا۔

شکریہ

صاحبزادہ عمید الرحمٰن عثمانی

© rasailojaraid.com